نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729,E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment Twitter:@agri_department

پریس ریلیز

بہاولپور ڈویژن میں کپاس کی کاشت اور پیداوار میں اضافے کے منصوبہ کے تحت کپاس کے کاشتکاروں سے درخواستیں مطلوب

لاہور:26مارچ2026: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق بہاولپور ڈویژن میں کپاس کی کاشت اور پیداوار میں اضافے کے لیے ایک اہم منصوبے کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ اس سلسلے میں کپاس کے کاشتکاروں کو جدید زرعی مشینری اور سہولیات فراہم کرنے کے لیے خصوصی سبسڈی پروگرام متعارف کرایا گیا ہے۔ ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید کہا ہے کہ اس پروگرام کے تحت کاٹن ماڈل فارم (ہب فارم) کے قیام پر 50 ہزار روپے فی ماڈل فارم سبسڈی فراہم کی جائے گی۔ اس کے علاوہ پیسٹ کنٹرول کے لیے جدید بیٹری سپرے پمپ پر 25 ہزار روپے فی یونٹ تک امداد دی جائے گی۔ مزید برآں، زمین کی بہتر تیاری کے لیے چزل ہل (Chisel Plough) پر 1 لاکھ 20 ہزار روپے فی یونٹ تک سبسڈی بھی دی جائے گی۔ اس ضمن میں دلچسپی رکھنے والے کاشتکار 10 اپریل 2026 تک اپنی درخواستیں جمع کرا سکتے ہیں۔ درخواست جمع کروانے اور اہلیت کا معیار و شرائط و ضوابط کے لیے محکمہ زراعت پنجاب کی ویب سائٹ www.agripunjab.gov.pk اور کاٹن پورٹل https://cotton.punjab.gov.pk ملاحظہ کریں۔ مزید معلومات و راہنمائی کیلئے بروز سوموار تا اتوار صبح 8 بجے سے رات 8 بجے تک زرعی ہیلپ لائن 0800-17000 پر رابطہ کریں۔ اس پروگرام سے بہاولپور ڈویژن کے کسانوں کو براہِ راست فائدہ پہنچے گا اور خطے میں کپاس کی بحالی میں مدد ملے گی جس کے ذریعے صوبہ میں کپاس کی پیداوار میں اضافہ کرنے کا ہدف حاصل کیا جائے گا۔

☆☆☆☆